# 02-04-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر وصدر ریاستی بی جے پی کشن ریڈی نے ایک مرتبہ پھر لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی جیت اور نریندر مودی کے تیسری مرتبہ وزیر اعظم بننے کا عزم ظاہر کیا۔

۲۔بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے نے آج کریم ضلع کلکٹریٹ سے ریّتو دیکشا کا آغاز کیا۔

۳۔بھارت راشٹرا سمیتی بی آر ایس نے ریاستی حکومت سے فوری اقدامات کرتے ہوئے کسانوں کو زرعی پانی کی کمی اور غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصان کی پابجائی کرتے ہوئے امداد کرنے کا مطالبہ کیا۔

۴۔چھتیس گڑھ میں سیکوریٹی فورسس کے ساتھ جھڑپ میں آج نوماوسٹ مارے گئے۔

KISHAN

مرکزی وزیر وصدر ریاستی بی جے پی کشن ریڈی نے ایک مرتبہ پھر لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی جیت اور نریندر مودی کے تیسری مرتبہ وزیر اعظم بننے کا عزم ظاہر کیا۔عنبر پیٹ میں اپنے پارلیمانی حلقے سے آج خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے اپنی تقریر میں وزیر اعظم مودی کی قیادت کی تعریف کی ۔انہوں نے کہا ک وزیر اعظم مودی کی قیادت میں کشمیر سے لے کر کنیا کماری تک مسائل حل کئے جارہے ہیں ۔اوراس کی مثال کوویڈ نائنٹن کا چیالنج ہے۔انہوں نے اس موقع پر وزیر اعظم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ کوویڈ نائنٹن کے موقع پر مفت ویاکسن فراہم کئے گئے اور وباء کے موقع پر مفت چاول تقسیم کئے گئے۔بی جے پی قائد نے کہا کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کوایئرپورٹ جیسی ترقی اور سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے۔جبکہ نامپلی اور کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشنس کو بھی جدید ترقی سے آراستہ کیا گیا ہے۔

BANDI

بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے نے آج کریم ضلع کلکٹریٹ سے ریّتو دیکشا کا آغاز کیا۔وہ کسانوں کے دولاکھ روپئے فصلوں کا قرض معاف کرنے اور خشک سالی کی وجہ سے فصلوں کو ہوئے نقصان پر پچیس ہزار روپئے معاوضہ دینے اور فصلوں کی پیداوار کے موقع پر فی کنٹل پانچ سو روپئے بونس دیئے جانے کا مطالبہ کررہے ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے کانگریس حکومت کوتنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکومت کسانوں کو پوری طرح نظرانداز کررہی ہے اور ناکافی بارش اور پانی کی دستیاب کی وجہ سے ہوئے نقصان کی پابجائی کرنے سے گریز کررہی ہے۔انہوں نے متاثرہ کسانوں کوفوری طور پر پچیس ہزار روپئے دیئے جانے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے اسمبلی انتخابات سے قبل پانچ سو روپئے بونس دینے کا وعدہ کیا تھالہذا بونس کی رقم بھی فوری جاری کی جائے۔کریم نگر پارلیمانی حلقے کے تمام عہدیداروں کوکل یہ مطالبات کی درخواست پیش کی گئی تھی۔

BRS

بھارت راشٹر اسمیتی بی آر ایس نے ریاستی حکومت سے فوری اقدامات کرتے ہوئے کسانوں کو زرعی پانی کی کمی اور غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصان کی پابجائی کرتے ہوئے امداد کرنے کا مطالبہ کیا۔ بی آر ایس پارٹی نے فی ایکر پچیس ہزار روپئے کسانوں کو معاوضہ دینے اور دھان کی فصل پر فی کنٹل پانچ سو روپئے اقل ترین امدادی قیمت کے تحت جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ ریئتو بھروسہ انوسمنٹ سپورٹ اور کانگریس کے انتخابی وعدے کے مطابق دو لاکھ روپئے فصل قرض معاف کرنے کا بھی حکومت سے مطالبہ کیا۔ بی آر ایس کے اراکین اسمبلی کے وفد جس کی قیادت جگدیش ریڈی نے کی نے چیف سکریٹری شانتی کماری سے سکریٹریٹ میں ملاقات کرتے ہوئے انہیں یادداشت پیش کی۔ اور فوری طور پر متاثرہ کسانوں کی مدد کرنے کی مانگ کی۔ سابق وزراء ستیہ وتی راٹھور۔ اور گنگولا کملاکر کے بشمول۔ اراکین اسمبلی۔ پی راجیشور ریڈی۔ کے پی ویویکانندا گوڑ۔ پی کوشک ریڈی۔ ایس سبھاش ریڈی۔ اور دیگر وفد میں موجود تھے۔ بعدازاں سوریہ پیٹ کے رکن اسمبلی وسابق وزیر جگدیش ریڈی نے کہا کہ کسان فصلوں کے سخت ترین نقصان سے دوچار ہوئے ہیں۔ جس کی وجہ ریاستی حکومت کی غلط پالیسی کے علاوہ غلط واٹر مینجمنٹ طریقہ کار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف واٹر باڈیز میں پانی کی موجودگی کے باوجود حکومت زرعی اور پینے کے پانی کی فراہمی میں ناکام ثابت ہو رہی ہے۔

DHARANI

ریاستی بی جے پی قانون ساز پارٹی کے صدر اے مہیشور ریڈی نے دھرانی پورٹیل میں ہوئی مبینہ بے قاعدگیوں کی عدالتی تحقیقات کی ریاستی حکومت سے مانگ کی۔ وہ حیدرآباد میں آج پریس کانفرنس کو خطاب کر رہے تھے۔ مہیشور ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر ریونت ریڈی اس سے پہلے الزام لگا چکے ہیں کہ مبینہ طور پر بیس لاکھ کسانوں اپنی زمینوں سے ہاتھ دھونا پڑا اور لاکھوں ایکر اراضی سرکاری ریکارڈ سے غائب کر دی گئی۔ اور خانگی افراد کے حوالے کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل وزیر اعلی وعدہ کر چکے تھے کہ وہ سو دنوں کے اندر دھرانی اسکام میں ملوث تمام لوگوں کو منظر عام پر لائیں گے۔ جبکہ انہوں نے اس تعلق سے ابھی تک کچھ نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریکارڈس کے مطابق ریاستی تلنگانہ کے قیام کے وقت چوبیس لاکھ ایکر اراضی تفویض کی گئی تھی۔ جبکہ دس سال بعد اب مبینہ طور پر اسے صرف چھ لاکھ ایکر پیش کیا جا رہا ہے۔

KANNA RAO

کلوا کونٹلا کنا راؤ جو سابق وزیر اعلی کے سی آر کے بھانجے ہوتے ہیں کو مبینہ طور پر لینڈ گرابینگ کے معاملے میں گرفتار کیا گیا ہے۔ انہیں منے گوڑہ اراضی تنازعے میں اہم ملزم بتایا گیا ہے۔ جہاں ان پر کئی لوگوں پر انفرادی طور پر حملہ کرنے کا الزام ہے۔ کنا راؤ و دیگر 35 افراد کے خلاف عادل آباد پولیس اسٹیشن میں منے گوڑہ کی دو ایکر اراضی پر ناجائز قبضے کا کیس درج کیا گیا ہے۔ اس دوران ہائی کورٹ نے کنا راؤ کی جانب سے متوقع قبل از وقت گرفتاری ضمانت کی عرضی خارج کر دی ہے۔

MAOISTS

چھتیس گڑھ میں سیکوریٹی فورسس کے ساتھ جھڑپ میں آج نو ماوسٹ مارے گئے۔ بیجا پور ضلع کے بستر ڈیویژن میں گنگلور علاقے میں ہوئے مشترکہ سرچ آپریشن جس میں سی آر پی ایف۔کوبرا بٹالین۔ڈسٹرکٹ ریز روگارڈس۔اور اسپیشل ٹاسک فورس کے جوان شامل تھے نے یہ سرچ آپریشن انجام دیا۔ لینڈرا کے جنگلات میں ماوسٹوں کے ساتھ مدبھیڑ ہوئی۔ مدبھیڑ کے بعد سیکوریٹی عہدیداروں نے ماوسٹوں کی نو لاشیں برآمد کیں۔ایک لائٹ مشین گن۔ایل ایم جی۔ بیارل گرینڈ لانچر۔بی جی ایل۔اور دیگر اسلحہ مقام واقعہ سے دستیاب ہوا۔ علاقے میں سرچ آپریشن ابھی بھی جاری ہے۔

TRAI

ٹیلی کام ریگولٹری اتھاریٹی آف انڈیا۔ٹرائی نے آج نیشنل براڈ کاسٹنگ پالیسی 2024 کے تحت کنسلٹیشن پیپرس جاری کئے۔ وزارت اطلاعات نے کہا ہے کہ براڈ کاسٹنگ شعبہ ایک ابھرتا ہوا شعبہ ہے جس کے ذریعہ ہندوستانی معیشت میں غیر معمولی ترقی ممکن ہے۔ وزارت نے کہا کہ نئی تیار شدہ پالیسی کا مقصد ویژن۔آبجیکٹیوز اور براڈ کاسٹنگ کے شعبے میں نئی تیکنکی اختراعات کو آگے بڑھانا شامل ہے۔ وزارت نے کہا کہ کنسلٹیشن پیپرس برائے نیشنل براڈ کاسٹنگ پالیسی 2024 میں اسٹیک ہولڈرس سے 30۔اپریل تک رائے حاصل کی جائے گی۔ جسے ٹرائی کی ویب سائٹ پر دیکھا جاسکتا ہے۔

RALLY

گدوال ضلع میں ایڈیشنل کلکٹر اپورواچوہان نے دیگر ضلعی سرکاری عہدیداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر آج شعور بیداری ریالی نکالی۔سویپ پروگرام کے حصے کے طور پر کرشنا ونی چوک سے فائی کے رن کو ایڈیشنل کلکٹر اپوروا چوہان نے جھنڈی دیکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر اپورواچوہان نے کہا کہ ملک کے تمام شہریوں کو حق رائے دہی میں بغیر کسی امتیاز کے برابر کے حق حاصل ہیں۔انہوں نے اس موقع پر ہر ایک سے انفرادی طور پر اپنے ووٹ کا استعمال کرنے مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کا حق ہم سب کے لئے ایک بہترین موقع ہوتا ہے کہ ہم صحیح لیڈرشپ کو چن سکیں۔اس موقع پر انہوں نے تمام محکمہ جات کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں سو فیصد رائے دہی کو یقینی بنانے کے لئے عوام میں شعور بیداری کریں۔

WEATHER

ریاست تلنگانہ کے کچھ اضلاع کے چند ایک مقامات پر آئندہ تین دنوں تک موسم گرم ،مرطوب اور غیر آرامدہ رہے گا۔محکمہ موسمیات نے آج یہ بات بتائی۔محکمہ موسمیات کی جانب سے روزانہ جاری کی جانے والی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ریاست کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران معمول سے دو تا تین ڈگری سلیس زیادہ رہے گا۔رپورٹ کے مطابق عادل آباد میں گذشتہ کل اعظم ترین درجہ حرارت 41.3 ڈگری سیلس ریکارڈ کیا گیا۔

RAMZAN

ماہ رمضان بڑی تیزی سے رخصتی کی طرف گامزن ہے۔ رمضان کے آخری عشرے میں بندگان خدا نے شب و روز عبادتوں میں اضافہ

کر دیا ہے۔اور اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے میں مصروف ہو گئے ہیں۔عبادت گزار اور رمضان کو صحیح معنوں میں پانے والے شکوہ گو ہیں کہ اس ماہ مقدس میں کی جانے والی عبادات کا حق وہ صحیح معنوں میں ادا کرنے سے قاصر ہیں۔رمضان کے آخری عشرے میں شب قدر کو تلاش کیا جاتا ہے۔جس کی اسلام میں کافی اہمیت ہے۔وہیں دوسری طرف بازاروں میں بھی گہما گہمی بڑھ گئی ہے اور خرید وفروخت میں بھی اضافہ دیکھا جارہا ہے۔حیدرآباد کے علاوہ اضلاع میں بھی رمضان کی عید کی تیاری میں لوگ ابھی سے مصروف نظر آرہے ہیں۔غریب ہو یا امیر۔چھوٹا ہو یا بڑا۔اپنی استطاعات کے مطابق ہر کوئی عید کا شاپنگ کرتا ہے۔رمضان میں چارمینار کے اطراف ملبوسات۔برتنوں کی دوکانات۔دیگر ساز وسامان کی دوکانات بھی علاقے کی رونق میں اضافہ کررہے ہیں۔یہاں آخری دس دنوں میں سحر تک شاپنگ کی جاتی ہے۔